LEVEL CROSSING REMOVAL PROJECT

# کام کے متعلق اطلاع

## Melton Station - ستمبر میں ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹے کام

**ہم Melton میں Exford Road، Coburns Road اور Ferris Road پر اور Truganina میں Hopkins Road پر خطرناک اور پرہجوم لیول کراسنگز ہٹا رہے ہیں تاکہ 2026 میں Melton میں بوم گیٹس باقی نہ رہیں۔ ہم جدید Melton Station بھی تعمیر کر رہے ہیں جہاں سب لوگوں کا پہنچنا آسان ہو گا۔**

### ہم کیا کر رہے ہیں

ہم **جمعہ 5 ستمبر رات 8 بجے سے لے کر پیر 15 ستمبر تک صبح 4 بجے تک** Coburns Road کے مغرب سے لے کر Cobblebank Station تک اور ریل کوریڈور میں اور اس کے گرد دن رات 24 گھنٹے کام کریں گے تاکہ:

- ریل کے پل کی بنیادیں اور نیاMelton Station تعمیر کیا جائے
- ریل کے سگنلز لگائے جائیں
- Melton Station کے علاقے میں موجودہ سٹرکچرز ہٹائے جائیں

**ہفتہ 6 ستمبر** سے Melton Station کے آس پاس ٹریفک میں تبدیلیاں آئیں گی۔ مزید تفصیلات کے لیے نقشہ دیکھیں۔

ہمارے ان کاموں کے دوران Ballarat, Ararat and Maryborough Lines پر Bacchus Marsh سٹیشن اور Caroline Springs سٹیشن کے درمیان ٹرینوں کی جگہیں بسیں لے لیں گی اور پہلی بس سروس **ہفتہ 6 ستمبر کو اور آخری سروس اتوار 14 ستمبر کو چلے گی۔**

مزید معلومات لینے اور اپنے سفر کی منصوبہ بندی کے لیے **ptv.vic.gov.au** دیکھیں اور براہ مہربانی سفر کے لیے زیادہ کھلا وقت رکھیں۔

### ہم کہاں اور کب کام کریں گے

| مقام | تاریخ اور وقت | کام کی نوعیت |
|---|---|---|
| **Exford Road** | **جمعہ 5 ستمبر رات 8 بجے سے لے کر جمعرات 11 ستمبر صبح 7 بجے تک** | • Brooklyn Road اور Staughton Street کے درمیان Exford Road بند ہو گی<br>• Coburns Road کا متبادل روٹ استعمال کریں<br>• پیدل چلنے والوں کو راستہ مہیا رہے گا |
| **Melton Station کے علاقے میں** | **6 ستمبر سے** | • ریل لائن کے شمالی طرف عارضی سٹیشن کھلا ہو گا<br>• ریل کی جگہ لینے والی کوچ کی بے (سٹاپ) کو نادرن کار پارک میں منتقل کیا جائے گا<br>• موجودہ Melton Station اور سٹیشن انڈرپاس کو بند کر دیا جائے گا<br>• 60 تک کار سپیسز کو وقتی طور پر بند کر دیا جائے گا |
| **Coburns Road کے مغرب سے لے کر Cobblebank Station تک ریل کوریڈور میں** | **ہفتہ 6 ستمبر کو رات 12.40 بجے سے لے کر پیر 15 ستمبر کو صبح 4 بجے تک** | • ریل کے لیے سگنلز کی تعمیر<br>• ریل کے پل کی بنیادیں ڈالی جائیں گی<br>• نئے Melton Station کی تعمیر |

**levelcrossings.vic.gov.au** 1800 105 105 (کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں)

contact@levelcrossings.vic.gov.au

انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات کے لیے 9209 0147 پر کال کریں

اگر آپ کو یہ معلومات معذوروں کے لیے آسان فارمیٹ میں لینے کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو سننے یا بولنے میں نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو **relayservice.gov.au** دیکھیں۔

VICTORIA State Government — VICTORIA'S BIG BUILD

## کیا ذہن میں رکھنا چاہیے

- تعمیراتی کام دن رات 24 گھنٹے جاری رہیں گے
- ٹریفک کے لیے متبادل روٹس ہوں گے اور ڈرائیوروں، پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کی مدد کے لیے ٹریفک مینیجمنٹ مہیا ہو گی
- علاقے میں تعمیراتی گاڑیوں اور عملے کی تعداد زیادہ ہو گی
- علاقے میں شور اور ٹریفک میں اضافہ
- رات کو کام کے دوران زیادہ روشنیاں ہو گی
- Melton Station کے علاقے میں اور آس پاس بعض اوقات میں لینز بند ہوں گی اور کار پارکنگ سپیسز بھی وقتی طور پر بند ہوں گی

براہ مہربانی علاقے میں لگے سائنز اور ٹریفک کنٹرولز کی ہدایات کی تعمیل کریں۔

کاروباروں اور گھروں تک آنا جانا ممکن ہو گا۔ براہ مہربانی اس علاقے میں سفر کرتے ہوئے زیادہ کھلا وقت رکھیں۔

ہم وقت پر تعمیرات مکمل کرنے کی پوری کوشش کریں گے؛ تاہم تاریخیں اور اوقات بدل سکتے ہیں

## متبادل روٹس کا نقشہ



# سٹیشن کے علاقے کا نقشہ




## مزید معلومات

پراجیکٹ کے متعلق مزید جاننے کے لیے **levelcrossings.vic.gov.au/melton** دیکھیں

ای میل اپ ڈیٹس لینے کے لیے **levelcrossings.vic.gov.au/subscribe** پر سبسکرائب کریں اور **Geelong–Ballarat–Melton Line** کے نیچے **Coburns and Exford roads, Melton** چنیں۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہو یا آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی **contact@levelcrossings.vic.gov.au** پر ای میل کریں یا ہمیں **1800 105 105** پر ہفتے کے ساتوں دن، 24 گھنٹوں میں کسی بھی وقت کال کریں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ،

Melton میں لیول کراسنگز ہٹانے کا پراجیکٹ

## انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات کے لیے 9209 0147 پر کال کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| हिंदी – Hindi | 9209 0147 | Mga Tagalog – Tagalog | 9209 0147 |
| Việt Ngữ – Vietnamese | 9209 0147 | ਪੰਜਾਬੀ – Punjabi | 9209 0147 |